Roll No. ______ Answer Sheet No.__________

Sig. of Candidate.__________ Sig. of Invigilator.__________

# PRINCIPLES OF ECONOMICS HSSC–I

## SECTION – A (Marks 15)

**Time allowed: 20 Minutes**

**NOTE:- Section–A is compulsory. All parts of this section are to be answered on the question paper itself. It should be completed in the first 20 minutes and handed over to the Centre Superintendent. Deleting/overwriting is not allowed. Do not use lead pencil.**

**Q. 1 Circle the correct option i.e. A / B / C / D. Each part carries one mark.**

(i) Which aspect of human life is studied in Economics?
A. Political B. Moral C. Economic D. Social

(ii) When Marginal Utility is equal to zero, then Total Utility will be__________
A. Maximum B. Minimum C. Falling D. Rising

(iii) Decrease in demand due to rise in price is called__________
A. Contraction in demand B. Fall in demand
C. Extension in demand D. Rise in demand

(iv) If price of sugar increases by 10% and supply of sugar expands by 25% the elasticity of supply of sugar will be__________.
A. Es<1 B. Es>1 C. Es=1 D. Es=0

(v) Promotion of a Lecturer to Assistant Professor of FG College Islamabad is a form of __________ mobility of labour.
A. Geographical B. Horizontal C. Vertical D. None of these

(vi) Under perfect competition relationship between Average Revenue (AR) and Marginal Revenue (MR) is__________
A. AR<MR B. AR>MR C. AR=MR D. AR falls, MR rises

(vii) If Total Revenue of a monopolist is maximum then Marginal Revenue will be__________.
A. Zero B. Negative C. Minimum D. Maximum

(viii) The necessary condition for equilibrium position of firm is__________.
A. MC>MR B. MC>AR C. MC=MR D. MC=AC

(ix) Which of the following is **NOT** the assumption of Marginal Productivity theory?
A. Units of factors are homogenous B. Mobility of factors
C. Perfect competition D. Low price of factors

(x) After deducting direct taxes from personal income we get__________.
A. Net National Product B. Gross Domestic Product
C. Gross National Product D. Disposable Personal Income

(xi) The equation of exchange PT=MV was given by__________
A. Irving Fisher B. Crowther C. Marshall D. Keynes

(xii) The Innovation theory of business cycle was presented by__________.
A. J.R. Hicks and Samuelson B. Mises and Hayek
C. Hobson and Foster D. Schumpeter

(xiii) Who presented the theory of Comparative Costs in international trade?
A. David Ricardo B. Adam Smith C. Marshall D. None of these

(xiv) If Pakistan is facing deficit in Balance of Payments, how can it be corrected?
A. Keeping constant the value of her currency
B. Increasing the value of her currency
C. Decreasing the value of her currency
D. All of these

(xv) Mr. Khursheed has Rs.50000/- for a year. How much amount will he pay as Zakat?
A. Rs.1150 B. Rs.1250 C. Rs.1300 D. Rs.1350

**For Examiner's use only:**

**Total Marks:** 15

**Marks Obtained:**

Roll No. ☐☐☐☐☐☐ Answer Sheet No. ____________

Sig. of Candidate: ____________ Sig. of Invigilator: ____________

# اصولِ معاشیات ایچ ایس سی-I

## حصہ اوّل (کُل نمبر: 15)

وقت: 20 منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کردیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر ۱:** دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) معاشیات میں انسانی زندگی کے کس پہلو کا مطالعہ کیا جاتا ہے؟
الف۔ سیاسی ب۔ اخلاقی ج۔ معاشی د۔ سماجی

(ii) جب مختتم افادہ صفر کے برابر ہو تو کل افادہ ________
الف۔ زیادہ سے زیادہ ہوگا ب۔ کم سے کم ہوگا ج۔ کم ہو رہا ہوتا ہے د۔ بڑھ رہا ہوتا ہے

(iii) قیمت میں اضافے کی وجہ سے طلب میں کمی ________ کہلاتی ہے۔
الف۔ طلب کا سکڑنا ب۔ طلب کا گھٹنا ج۔ طلب کا پھیلنا د۔ طلب کا بڑھنا

(iv) اگر چینی کی قیمت میں دس فیصد اضافہ ہو اور چینی کی رسد میں پچیس فیصد اضافہ ہو تو چینی کی رسد لچک ________ ہوگی۔
الف۔ اکائی سے کم ب۔ اکائی سے زیادہ ج۔ اکائی کے برابر د۔ صفر کے برابر

(v) ایف۔جی کالج اسلام آباد کے لیکچرار کی بطور اسسٹنٹ پروفیسر ترقی محنت کی نقل پذیری کی کون سی قسم ہے؟
الف۔ جغرافیائی ب۔ افقی ج۔ عمودی د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(vi) مکمل مقابلہ کے تحت اوسط وصولی اور مختتم وصولی کی درمیان کیا تعلق ہوتا ہے؟
الف۔ اوسط وصولی مختتم وصولی سے کم
ب۔ اوسط وصولی مختتم وصولی سے زیادہ
ج۔ اوسط وصولی اور مختتم وصولی برابر ہوتی ہیں
د۔ اوسط وصولی کم ہوتی ہے مختتم وصولی بڑھتی ہے

(vii) اگر ایک اجارہ دار کی کل وصولی زیادہ سے زیادہ ہو تو اس کی مختتم وصولی ________ ہوگی۔
الف۔ صفر ب۔ منفی ج۔ کم سے کم د۔ زیادہ سے زیادہ

(viii) ایک فرم کی توازنی حالت کے لیے ضروری شرط کیا ہوتی ہے؟
الف۔ مختتم مصارف مختتم وصولی سے زیادہ
ب۔ مختتم مصارف اوسط وصولی سے زیادہ
ج۔ مختتم مصارف مختتم وصولی کے برابر
د۔ مختتم مصارف اوسط مصارف کے برابر

(ix) مندرجہ ذیل میں سے کون سا نظریہ مختتم پیداواری کا مفروضہ نہیں ہے؟
الف۔ عاملین کی اکائیاں ایک جیسی ہوتی ہیں
ب۔ عاملین کی نقل پذیری
ج۔ مکمل مقابلہ
د۔ عاملین کی کم قیمت

(x) ذاتی آمدنی میں سے بلاواسطہ محصولات منہا کرنے کے بعد ہم ________ حاصل کرتے ہیں۔
الف۔ خالص قومی پیداوار ب۔ خام ملکی پیداوار ج۔ خام قومی پیداوار د۔ قابلِ تصرف ذاتی آمدنی

(xi) مساوات مبادلہ PT=MV ________ نے پیش کی۔
الف۔ ارونگ فشر ب۔ کراؤتھر ج۔ مارشل د۔ کینز

(xii) تجارتی چکر کا نظریہ اختراع (جدت) کس نے پیش کیا تھا؟
الف۔ جے آر ہکس اور سیموئل سن ب۔ مائزز اور ہائیک ج۔ ہاسن اور فوسٹر د۔ شمپیٹر

(xiii) بین الاقوامی تجارت کے بارے میں نظریہ تقابلی مصارف کس نے پیش کیا تھا؟
الف۔ ڈیوڈ ریکارڈو ب۔ ایڈم سمتھ ج۔ مارشل د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(xiv) اگر پاکستان کو توازن ادائیگی میں خسارے کا سامنا ہو تو اسے کیسے درست کیا جا سکتا ہے؟
الف۔ اپنی کرنسی کی قدر کو ساکن رکھ کر
ب۔ اپنی کرنسی کی قدر میں اضافہ کر کے
ج۔ اپنی کرنسی کی قدر میں کمی کر کے
د۔ درج شدہ تمام

(xv) اگر خورشید صاحب کے پاس ایک سال تک پچاس ہزار روپے (Rs.50,000) موجود ہوں تو اسے بطور زکوٰۃ کتنی رقم ادا کرنا پڑے گی؟
الف۔ 1150 روپے ب۔ 1250 روپے ج۔ 1300 روپے د۔ 1350 روپے

---

برائے ممتحن: کُل نمبر: 15 حاصل کردہ نمبر: ☐

42

# PRINCIPLES OF ECONOMICS HSSC–I

**Time allowed: 2:40 Hours** **Total Marks Sections B and C: 60**

**NOTE:-** **Answer any nine parts from Section 'B' and any two questions from Section 'C' on the separately provided answer book. Use supplementary answer sheet i.e. Sheet–B if required. Write your answers neatly and legibly.**

## SECTION – B (Marks 36)

**Q. 2** **Attempt any NINE parts. The answer to each part should not exceed 5 to 6 lines.** **( 9 x 4 = 36 )**

(i) Show the subject matter of economics with the help of a diagram with reference to the definition given by Robbins.

(ii) Reproduce and complete the following table on your answer book:

| Units of Consumption | Total Utility (Utils) | Marginal Utility (Utils) |
|---|---|---|
| 1 | 8 | ............... |
| 2 | 14 | ............... |
| 3 | 18 | ............... |
| 4 | 20 | ............... |
| 5 | 20 | ............... |
| 6 | 18 | ............... |

(iii) Describe the concept of Demand.

(iv) Differentiate between Stock and Supply.

(v) Define Cross Elasticity of Demand. Write down its formula.

(vi) Show the relationship between Average Cost (AC) and Marginal Cost (MC) with the help a diagram.

(vii) Write down two necessary conditions of equilibrium for a firm under perfect competition.

(viii) What is meant by Double Counting? How can it be avoided?

(ix) Write down any four drawbacks of the Barter System of exchange.

(x) Differentiate between Balance of trade and Balance of payments.

(xi) What are the effects of Inflation and Deflation on Debtors and Creditors?

(xii) Write a short note on Ushr.

## SECTION – C (Marks 24)

**Note:-** **Attempt any TWO questions. All questions carry equal marks.** **( 2x 12 = 24 )**

**Q. 3** Explain the law of Diminishing Marginal Utility with the help of schedule and diagram. Also discuss its assumptions.

**Q. 4** Show four different situations a firm can face under perfect competition in the short run with the help of diagrams.

**Q. 5** Explain any six canons of taxation.

# اصولِ معاشیات ایچ ایس سی-I

وقت: 2:40 گھنٹے | کُل نمبر حصہ دوم اور سوم 60

نوٹ: حصہ دوم اور سوم کے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ حصہ دوم میں سے نو (09) اجزاء اور حصہ سوم میں سے کوئی سے دو (2) سوال حل کریں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 36)

(9x4=36)

سوال نمبر۲: مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے نو (09) اجزاء کے پانچ سے چھ سطروں تک محدود جوابات لکھیں:

(i) رابنز کی پیش کردہ تعریف کے حوالے سے معاشیات کا نفسِ مضمون ایک ڈائیگرام کی مدد سے ظاہر کریں۔

(ii) درج ذیل گوشوارہ کو اپنی جوابی کاپی پر منتقل کریں اور مکمل کریں:

| صرف کی اکائیاں | کل افادہ | مختتم افادہ |
|---|---|---|
| 1 | 8 | ......... |
| 2 | 14 | ......... |
| 3 | 18 | ............. |
| 4 | 20 | ........... |
| 5 | 20 | .............. |
| 6 | 18 | .......... |

(iii) طلب کا تصور بیان کریں۔

(iv) ذخیرہ اور رسد میں فرق تحریر کریں۔

(v) طلب کی متقاطع لچک کی تعریف کریں اور اس کا فارمولا لکھیے۔

(vi) ڈائیگرام کی مدد سے اوسط مصارف اور مختتم مصارف کے باہمی تعلق کو ظاہر کریں۔

(vii) مکمل مقابلہ کے تحت ایک فرم کے توازن کی دو ضروری شرائط تحریر کریں۔

(viii) دوبارہ گنتی (شمار) سے کیا مراد ہے؟ اس سے کیسے بچا جا سکتا ہے؟

(ix) براہِ راست تبادلہ کے نظام (Barter system of exchange) کی چار خامیاں تحریر کریں۔

(x) توازنِ تجارت اور ادائیگیوں کے توازن میں فرق تحریر کریں۔

(xi) افراطِ زر اور تفریطِ زر کے مقروض اور قرض دہندہ پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں؟

(xii) عُشر پر مختصر نوٹ تحریر کریں۔

## حصہ سوم (کُل نمبر 24)

(2x12=24)

(کوئی سے دو سوال حل کیجیے۔ تمام سوالوں کے نمبر برابر ہیں۔)

سوال نمبر۳: گوشوارے اور گراف کی مدد سے قانونِ تقلیلِ افادۂ مختتم کی وضاحت کیجیے۔ نیز اس کے مفروضات کی وضاحت کریں۔

سوال نمبر۴: عرصۂ قلیل میں مکمل مقابلہ کے تحت ایک فرم جن چار حالتوں کا سامنا کر سکتی ہے۔ اُن کو ڈائیگرامز (diagrams) کی مدد سے ظاہر کریں۔

سوال نمبر۵: محصولات عائد کرنے کے کوئی سے چھ اصولوں (canons of taxation) کی وضاحت کریں۔